Australian Government
Department of Home Affairs

Domestic and Family Violence Visa Support

آپ کے ویزے کے لیے چیکلسٹ

☐ کیا آپ ویزے کے حوالے سے اپنی حیثیت جانتے ہیں؟

آپ Visa Entitlement Verification Online (VEVO) کے ذریعے آن لائن اپنے ویزے کی حیثیت چیک کر سکتے ہیں۔ VEVO سروس آپ کو بتائے گی کہ آپ کے پاس کونسا ویزا ہے، یہ کب ختم ہو رہا ہے اور آپ کے ویزے کی کیا شرائط ہیں۔

اگر VEVO دیکھنے کے لیے آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو آپ 131 881 پر ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کو کال کر سکتے ہیں۔

ویب سائیٹ: immi.homeaffairs.gov.au/visas/already-have-a-visa/check-visa-details-and-conditions/overview

☐ کیا آپ اپنی ذاتی شناختی دستاویزات تک رسائی رکھتے ہیں؟

کیا آپ اپنے پاسپورٹ تک رسائی رکھتے ہیں؟ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو آپ اپنے وطن کی قونصلیٹ یا ایمبیسی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ویزے کی درخواست کے سلسلے میں ہم آپ سے دوسری ذاتی دستاویزات بھی مانگ سکتے ہیں۔

ویب سائیٹ:
protocol.dfat.gov.au/Public/MissionsInAustralia

☐ کیا آپ کے پاس ImmiAccount ہے؟

اپنا ImmiAccount بنانا اہم ہے تاکہ آپ اپنی ویزے کی درخواست کے سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ کر سکیں۔ اگر آپ پارٹنر ویزے کی درخواست دے رہے ہیں یا پارٹنر ویزا رکھتے ہیں تو آپ دوسرے تمام ImmiAccounts سے اپنی ویزے کی وہ درخواست نکال سکتے ہیں جس کا ابھی فیصلہ ہونا ہے۔ اس کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل دونوں کام کرنے ہوں گے:

- اپنا ImmiAccount بنائیں
- ایجنٹ یا اپنے سپانسر کے ImmiAccount سے اپنی درخواست نکال کر درخواست کو اپنے نئے اکاؤنٹ میں منتقل کریں جس کے لیے آپ کو آن لائن ImmiAccount ٹیکنیکل سپّورٹ فارم مکمل کرنا ہو گا۔

آپ کو اپنا پاس ورڈ بھی بدلنا چاہیے۔

ویب سائیٹ: online.immi.gov.au

☐ کیا آپ نے ہمیں اپنی تازہ ذاتی تفصیلات سے آگاہ رکھا ہے؟

یہ اہم ہے کہ ہمارے پاس آپ کی حالیہ رابطہ تفصیلات ہوں جیسے آپ کا فون نمبر اور گھر کا پتہ یا پی او باکس نمبر۔

آپ اپنے ImmiAccount میں اپنی تفصیلات تازہ کر سکتے ہیں یا رابطے کی تفصیلات/پاسپورٹ کی تفصیلات میں تبدیلی کا فارم جمع کروا کے ہمیں آگاہ کر سکتے ہیں۔ اس طرح یہ یقینی ہو گا کہ آپ کو ہمارے خطوط مل جائیں گے۔

ویب سائیٹ: immi.homeaffairs.gov.au/change-in-situation

آسٹریلیا پوسٹ گھریلو تشدد سے متاثرہ لوگوں کو 22 مہینوں تک مفت پی او باکس فراہم کرتا ہے تاکہ آپ کے رابطے برقرار رہیں اور آپ کی ڈاک آپ کو ملنا یقینی ہو۔

ویب سائیٹ: auspost.com.au/receiving/manage-your-mail/redirect-hold-mail/redirect-mail/free-mail-redirection-and-po-boxes

☐ کیا کوئی امیگریشن کے معاملات میں آپ کی مدد کر رہا ہے؟

آپ امیگریشن کے متعلق مشورہ لینے اور اگر ضرورت ہو تو ویزے کی درخواست دینے کے لیے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر وہ شخص مائیگریشن ایجنٹ یا وکیل ہو تو یہ اہم ہے کہ وہ رجسٹرڈ ہو۔ رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹس کی فہرست ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کی ویب سائیٹ پر موجود ہے۔

ویب سائیٹ: immi.homeaffairs.gov.au/help-support/who-can-help-with-your-application/overview

اگر آپ کو مائیگریشن کے لیے مشورہ درکار ہو تو سپیشلسٹ قانونی خدمات فراہم کرنے والوں سے مفت قانونی مدد بھی دستیاب ہے۔

ویب سائیٹ: familyviolencelaw.gov.au/

یاد رکھیں، اگر کوئی شخص شدید زخمی ہو یا کسی کو فوری طبی مدد کی ضرورت ہو، کسی کی جان کو خطرہ ہو یا آپ کوئی حادثہ ہوتے دیکھیں تو 000 پر کال کریں۔ آسٹریلیا میں پولیس پر بھروسا کیا جا سکتا ہے۔ اس نمبر پر کال کرنا مفت ہے۔

☐ کیا آپ کو ہماری معلومات سمجھنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے؟

Translating and Interpreting Service (TIS National)
ان لوگوں کے لیے زبانی ترجمے کی خدمات فراہم کرتی ہے جو انگلش نہیں بولتے۔ آپ اس سروس سے 131 450 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ویب سائیٹ: tisnational.gov.au/

☐ کیا آپ آن لائن محفوظ ہیں؟

آپ eSafety کمیشنر کی آن لائن سیکیورٹی چیک لسٹ استعمال کر کے وہ اقدامات معلوم کر سکتے ہیں جو آپ اپنی ذاتی حفاظت بڑھانے کے لیے کر سکتے ہیں اور جن سے آپ یقینی بنا سکتے ہیں کہ آپ ٹیکنالوجی کا استعمال اور رابطے میں رہنا جاری رکھ سکیں۔

ویب سائیٹ: esafety.gov.au/key-issues/domestic-family-violence/online-safety-planning/online-safety-checklist

☐ کیا آپ ریکارڈ رکھ رہے ہیں؟

اچھا ہو گا کہ آپ اپنے اور بدسلوکی کرنے یا دھمکانے والے شخص کے درمیان ہونے والے واقعات کا ریکارڈ رکھیں۔ اگر کبھی آپ کو پولیس میں رپورٹ کرنے، پروٹیکشن آرڈر لینے یا بچے اپنے پاس رکھنے کی درخواست دینے کی ضرورت پڑے تو یہ ریکارڈ ثبوت کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ای میل یا ٹیکسٹ میسیجز کی صورت میں اہم پیغامات موجود ہونے سے آپ کو یہ ریکارڈ رکھنے میں مدد مل سکتی ہے کہ کیا کہا گیا تھا۔

اس ریکارڈ کو کسی محفوظ جگہ پر رکھنا یقینی بنائیں جہاں بدسلوکی کرنے والا شخص اس تک نہ پہنچ سکے اور نہ ہی اسے تلف کر سکے۔

☐ کیا آپ COVID-19 سے متاثر ہوئے ہیں؟

یہ علم ہونا اہم ہے کہ آپ COVID-19 کی پابندیوں کے دوران بھی عائلی تشدّد کی وجہ سے نقصان یا نقصان کے خطرے سے بچنے کے لیے اپنے گھر یا اقامتگاہ سے نکل سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے اپنی سٹیٹ/ٹیریٹری کی حکومت کی ویب سائیٹ دیکھیں۔

ویب سائیٹ: australia.gov.au/states

☐ اگر آپ کام کر رہے ہیں تو کیا آپ کو کام کے حوالے سے اپنے حقوق معلوم ہیں؟

کیا آپ کو علم ہے کہ فیئر ورک ایکٹ تمام آجروں کو پابند کرتا ہے کہ وہ عائلی تشدّد کے سبب بلا تنخواہ رخصت لینے اور کام کے لچکدار انتظامات کا موقع فراہم کریں۔ مزید تفصیلات کے لیے فیئر ورک اومبڈزمین کی ویب سائیٹ دیکھیں۔

ویب سائیٹ: fairwork.gov.au/leave/family-and-domestic-violence-leave

اگر آپ کو ادائیگی کرنے یا ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو آسٹریلین ٹیکس آفس کے پاس مدد کا انتظام ہے۔

ویب سائیٹ: ato.gov.au/General/Support-in-difficult-times/Personal-crisis-support/#Familyanddomesticviolence

☐ کیا آپ کو مالی معاملات میں مدد کی ضرورت ہے؟

مالیاتی صلاح کار مفت، خودمختارانہ اور رازدارانہ خدمات فراہم کرتے ہیں تاکہ آپ اپنے معاملات سدھار سکیں اور قرض سے نبٹنے کے سلسلے میں آپ کو حاصل مواقع کے بارے میں بتاتے ہیں۔

مالیاتی صلاح کار سے بات کرنے کے لیے 1800 007 007 پر نیشنل ڈیبٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔ یہ مفت ہاٹ لائن پیر تا جمعہ صبح 9:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ نیشنل ڈیبٹ ہیلپ لائن کی ویب سائیٹ پر دیگر ٹولز اور وسائل بھی دستیاب ہیں۔

ویب سائیٹ: ndh.org.au/

☐ اگر آپ طالبعلم ہیں تو کیا آپ اپنے لیے دستیاب امدادی خدمات سے آگاہ ہیں؟

آسٹریلیا میں تعلیم فراہم کرنے والے ادارے تعلیم کا ایسا تجربہ تخلیق کرنے پر فخر کرتے ہیں جو انٹرنیشنل طالبعلموں کے لیے خیرسگالی، دوستی اور سہارے کا حامل ہے۔

ایسی کئی مختلف سپیشلسٹ سروسز موجود ہیں جو آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

ویب سائیٹ:
studyaustralia.gov.au/english/live/support-services

☐ کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کو دوسری امدادی خدمات کے متعلق معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

قومی سطح پر اور سٹیٹ اور ٹیریٹری کی سطح پر گھریلو اور عائلی تشدّد کے لیے مدد دینے والی بہت سی خدمات دستیاب ہیں۔

National Sexual Assault, Domestic and Family Violence Counselling Service کے ذریعے فون پر اور آن لائن مفت کاؤنسلنگ دستیاب ہے۔ 1800 737 732 پر کال کریں۔

Australian Red Cross عارضی ویزا رکھنے والے ان اہل لوگوں کو مالی مدد فراہم کر سکتی ہے جنہیں مالی مشکلات پیش ہوں۔ معلومات کے لیے Family and Domestic Violence Financial Assistance Program دیکھیں۔ اگر ضرورت ہو تو یہ پروگرام آپ کو قانونی معاملات اور مائیگریشن کے لیے امدادی خدمات دلا سکتا ہے۔

ویب سائیٹ: redcross.org.au/get-help/help-for-migrants-in-transition/family-and-domestic-violence-financial-assistance

جب آپ انٹرپریٹر کی علامت دیکھیں تو آپ اپنی ترجیحی زبان میں بات کرنے کے لیے مدد مانگ سکتے ہیں۔